سوال

(155) موزوں پر مسح کرنے میں مردوں اور عورتوں میں فرق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا موزوں پر مسح کے مسئلے میں مردوں اور عورتوں میں کوئی فرق ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مسئلے میں مردوں اور عورتوں کا کوئی فرق نہیں ہے۔ اور یہ اصول پیش نظر رکھنا چاہیئے کہ جو احکام مردوں کے لیے ثابت ہیں وہی احکام عورتوں کے لیے بھی ہیں، اور جو احکام عورتوں کے لیے ثابت ہیں وہ مردوں کے لیے بھی ہیں مگر جہاں کسی دلیل سے ان میں فرق کیا گیا ہو تو فرق ہوگا ورنہ نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 186

محدث فتویٰ